Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

409

उर्दू संग्रह

पुस्तक का नाम मार्तण्ड का कबीर नम्बर

लेखक बाबू राधा मोहन

प्रकाशन वर्ष 1989

आगत संख्या 409

१४ / ८३१

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

❁ ओ३म् ❁

पुस्तक संख्या 14/८६ (ख)

पंजिका-संख्या 22616

पुस्तक पर सर्व प्रकार की निशानियां लगाना वर्जित है। कोई महाशय १५ दिन से अधिक देर तक पुस्तक अपने पास नहीं रख सकते। अधिक देर तक रखने के लिये पुनः आज्ञा प्राप्त करनी चाहिये।

राय बहादुर श्री लालचन्द भाटिया
रिटायर्ड असिस्टेण्ड गैरिज़न एञ्जिनियर से
गुरुकुल विश्वविद्यालय कांगड़ी पुस्तकालय को
सप्रेम भेंट

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ऋते ज्ञानान्न मुक्तिः
पुस्तक सं. 91/C.E.(6)
आगत 22696....
4.2.2005

कबीर बीजक
409

कबीर बीजक
पुस्तकालय
गुरुकुल कांगड़ी विश्वविद्यालय,
हरिद्वार
वर्ग संख्या 15/114 आगत संख्या 22696

पुस्तक-वितरण की तिथि नीचे अंकित है। इस तिथि सहित २० वें दिन तक यह पुस्तक पुस्तकालय में वापिस आ जानी चाहिए। अन्यथा १० पैसे के हिसाब से विलम्ब-दण्ड लगेगा।

11 JUN 1987

पुस्तकालय
गुरुकुल कांगड़ी

12 JUL 09

409;U

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

REGD. L. No. 643

ماہوار

مارتنڈ لاہور

ایڈیٹر
پرمارتھی

409.U

MARTAND OFFICE LAHORE

Annual Subscription 3-8-0

Price one copy 0-5-0

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

رجسٹرڈ ایل نمبر ۲۴۳

اوم

مارتنڈ لاہور کا کبیر نمبر

سالانہ چندہ ۳/ - فی پرچہ ۲/

فی پرچہ ۵/

جس میں پرم سنت مہاتما کبیر جی کے دل پر اثر کرنیوالے شبدوں کا سنگرہ کیا گیا ہے

جلد ۳۸ | بابت ماہ ستمبر ۱۹۳۲ء مطابق اسوج سمت ۱۹۸۹ | نمبر ۹

مہرشی ویدویاس کرت مکمل سنسکرت گرنتھ!

مہابھارت

کا اصلی شلوک وار سنسکرت اور بامحاورہ اردو ترجمہ

(از شرمان پرمارتھی - اڈیٹر رسالہ مارتنڈ سکھ ساگر لاہور)

فروری ۱۹۲۷ء سے لیکر فروری ۱۹۳۲ء تک پانچ سال کی انتھک محنت عرق ریزی اور ہزاروں روپیہ کے خرچ سے استری پرب تک مندرجہ ذیل تین جلدیں مکمل ہوئی ہیں

جلد اول اس میں آدی پرب سبھا پرب بن پرب اور وراٹ پرب مکمل ہوئے ہیں۔ حجم ۱۵۸۰ صفحات کلاں۔ قیمت آٹھ روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

جلد دوم اس میں اُدیوگ پرب اور بھیشم پرب شامل ہیں بھیشم پرب کے سلسلے میں شرح سری گیتا بھی شامل ہے جسکی بڑے بڑے ودوانوں نے بہت تعریف کی ہے۔ حجم ۸۸۶ صفحات کلاں۔ قیمت صرف چھ روپیہ (سے ر) علاوہ محصولڈاک

جلد سوم اس میں درون پرب۔ کرن پرب۔ شلیہ پرب۔ سوپتک پرب اور استری پرب مکمل ہوئے ہیں۔ حجم ۷۲۰ صفحات کلاں قیمت صرف چھ روپیہ علاوہ محصولڈاک

مندرجہ بالا تینوں جلدوں کی قیمت یکمشت خریداری پر بیس روپیہ (عنہ) معہ محصولڈاک ہے

جلد چہارم۔ شانتی پرب (فروری ۱۹۳۲ء) سے شروع ہے۔ جو چھپ رہا ہے۔ ساڑھے چار روپیہ سالانہ چندہ بھیجکر شانتی پرب کے خریدار بن سکتے ہیں۔

ملنے کا پتہ۔ رام لال ورما مینیجر مارتنڈ پستکالیہ (دفتر اشاعت مہابھارت) سید مٹھا بازار لاہور

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

مارتنڈ وغیرہ رسالجات کے نیم

دفتر مارتنڈ سے مارتنڈ۔ سکھ ساگر اور مہابھارت تین رسالجات شائع ہوتے ہیں (۲) مارتنڈ کا سالانہ چندہ للعہ۔ سکھ ساگر کا پونے دو روپے (عہ) اور مہابھارت کا ساڑھے چار روپیہ الگ الگ ہے (۳) مارتنڈ و سکھ ساگر دونوں رسالوں کا یکمشت رعایتی چندہ پانچ روپیہ اور مارتنڈ۔ سکھ ساگر اور مہابھارت تینوں کا یکمشت رعایتی سالانہ چندہ نو روپیہ ہے (۴) ممالک غیر سے مارتنڈ کا سالانہ چندہ ساڑھے چار روپیہ۔ مارتنڈ و سکھ ساگر کا للعہ اور مارتنڈ۔ سکھ ساگر و مہابھارت تینوں کا گیارہ روپے رعایتی مقرر ہے (۵) مارتنڈ ہر ماہ کی ۱۰ تاریخ کو۔ سکھ ساگر ۱۸ تاریخ کو اور مہابھارت ۲۰ تاریخ کو شائع ہوتا ہے (٦) خریداران کا فرض ہے۔ کہ اپنی تبدیلی پتہ کی اطلاع تاریخ اشاعت سے پہلے پہلے دیا کریں اور کوئی پرچہ نہ ملنے پر اپنے حلقہ کے سپرنٹنڈنٹ ڈاکخانجات یا پوسٹ ماسٹر جنرل لاہور کو شکایتی خط لکھیں۔ دفتر سے رسالہ ہر ماہ باقاعدہ بھیجا جاتا ہے

رسالہ مارتنڈ کی گذشتہ فائلیں

بہت سے بھائی مارتنڈ کی گذشتہ فائلوں کے بارے میں دریافت کرتے رہتے ہیں۔ ان کی اطلاع کے لئے لکھا جاتا ہے۔ کہ صرف مندرجہ ذیل فائلیں تھوڑی تعداد میں موجود ہیں۔ جو پریمی بھائی چاہیں۔ جلدی منگوالیں۔ یہ ظاہر ہے کہ ختم ہو جانے پر کسی قیمت پر بھی نہیں مل سکیں گی

فائل مارتنڈ ۱۹۲۴ء - ۱۷ پرچہ - قیمت اصلی عہ/۱۲ رعایتی قیمت صرف ایک روپیہ چھ آنہ - معہ محصولڈاک

فائل مارتنڈ ۱۹۲۵ء - ۲۲ پرچہ - قیمت اصلی عہ/۱۲ - رعایتی قیمت صرف ایک روپیہ چھ آنہ معہ محصولڈاک

فائل مارتنڈ ۱۹۲٦ء - ۲۰ پرچہ - قیمت اصلی عہ - رعایتی قیمت صرف ایک روپیہ چار آنہ معہ محصولڈاک

فائل مارتنڈ ۱۹۲۸ء جس میں ہولی نمبر و دیگر خاص پرچہ جات شامل ہیں قیمت اصلی عاہ - رعایتی قیمت صرف ایک روپیہ چار آنہ معہ محصولڈاک

فائل مارتنڈ ۱۹۲۹ء - چھ پرچہ - سب خاص نمبر ہیں۔ قیمت رعایتی ایک روپیہ دو آنہ (عہ) معہ محصولڈاک

فائل مارتنڈ ۱۹۳۰ء مکمل فائل بارہ پرچہ۔ قیمت اصلی ۳/ے۔ رعایتی قیمت صرف تین روپیہ دو آنہ معہ محصولڈاک

فائل مارتنڈ ۱۹۳۱ء - بارہ پرچہ - اس میں گیان کتھا ساگر کی منوہر کتھائیں۔ دلچسپ ناول آدرش پتی پتنی۔ اور اس کے علاوہ بیسیوں دھارمک اپدیش۔ نظمیں بھجن اور سدھاری و اخلاقی کتھائیں درج ہیں۔ قیمت صرف ۳/ے معہ محصولڈاک۔ جلدی منگوالیں۔ ورنہ مکمل فائل ختم ہو جاوے گی۔

مزید رعایت - مندرجہ بالا ہفت سالہ فائلوں کی یکمشت قیمت رعایتی معہ محصولڈاک ساڑھے بارہ روپیہ ہے مگر جو بھائی یکمشت منگائیں گے۔ انہیں مندرجہ بالا سلسلہ فائل صرف عللہ معہ محصولڈاک میں بھیجے جاویں گے۔ یہ حد درجہ کی رعایتی قیمت ہے اس سے زیادہ رعایت کا مطالبہ کوئی بھائی نہ کریں۔

ملنے کا پتہ:- **منیجر مارتنڈ پستکالیہ - سید مٹھا بازار لاہور**

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

کرشن نمبر کی کامیابی

جن بھائیوں نے آرتنڈ کے کرشن نمبر کو پڑھا ہے وہ اس کی تعریف کرتے ہیں۔ اور ہمیں اس بات کی خوشی ہے کہ بھگوان کرشن کی کرپا سے ہماری محنت سپھل ہوئی۔ اگرچہ ہمیں تعداد پر بہت سا روپیہ خرچ کرنا پڑا۔ اور مالی لحاظ سے یہ نفع کا سودا نہیں ہوا۔ مگر اپنا دھن مال تو سب پیارے کرشن کا ہی ہے۔ اگر اسی کا بخشا ہوا اسی کے ارپن ہو جاوے۔ تو اس میں اپنا کیا گیا؟ اپنی تو یہی اچھیا ہے کہ ہے پربھو! اس سنسار میں میرا جو کچھ ہے وہ سب لے لو۔ اور مجھے اپنے چرنوں کا داس بنا کر اپنے نام کا دھن دو۔ ہے منموہن! آپ کے چرن کملوں کی سیوا میں جتنا سکھ ہے۔ آپ کے نام کا جپ کرنے اور آپ کے پرم پاون سروپ کا دھیان کرنے میں جتنا آنند ہے۔ وہ سکھ وہ آنند اس فانی سنساری دھن مال میں کہاں؟ اس لئے ہے پربھو! مجھ سے یہ دھن مال سارا کا سارا لے لو۔ ایک کوڑی میرے پاس نہ رہنے دو۔ اور مجھ کو بھکاری بنا دو۔ اور اس کے بدلے میں اپنا نام روپی دھن دے دو۔ اس دنیوی دھن کے طلبگار بھی سنسار میں بہت ہیں اس لئے یہ سب انہیں کو دے دو مگر ہے پربھو! میں تو تم سے بچھڑ کر تمہارے پوتر دھیان کو بھلا کر اور تمہارے چرنوں سے دور ہو کر یہ دھن مال نہیں لینا چاہتا۔ آخر یہ سب میرے کس کام آویگا؟ ہے پربھو! مجھے بھوگ نہ دو۔ بھگتی دو۔ میں تمہارے دھن مال ایشوریہ کو نہیں چاہتا۔ میں تو تم دھنی کو لینا چاہتا ہوں۔

پربھو! شری بھگوت میں آپ نے اپنے شری مکھ سے کہا ہے۔ کہ جس پر آپ کی پرم کرپا ہوتی ہے۔ اس کا دھن مال وغیرہ آپ ہر لیتے ہیں۔ اسی وجہ سے آپ ہری کہلاتے ہیں اور اس اپنے بھگت کو اپنا نام دان دے کر زور سے اپنی طرف کھینچتے ہیں۔ اپنے ایسے بھگتوں کے ہردیوں کو اپنی طرف کھینچنے کی وجہ سے ہی آپ کرشن کہلاتے ہیں۔ برخلاف اس کے جسے آپ اپنے پوتر چرنوں سے دور رکھنا چاہتے ہیں۔ اسے دھن مال استری بیٹے وغیرہ سنساری سکھ کے سامان دے کر بھرما دیتے ہیں۔ جس سے وہ ان ناپائیدار کھلونوں میں پھنس کر اگیانی بالک کی طرح آپ کے نام کو بھول کر سنساری موہ مایا میں پھنس جاتا ہے۔ سو ہے پربھو! اب تم مجھے سنساری سکھ کے سامان کیوں دیتے ہو؟ کیا مجھے بھی اپنے چرنوں سے دور رکھنے کا ارادہ ہے؟ اور کیا مجھ پر اپنی موہنی مایا پھیلا کر مجھے اس سنسار روپی گورکھ دھندے میں پھنسانا چاہتے ہو؟ نہ نہ پربھو! ایسا نہ کرنا۔ مجھے دھن کا لالچ نہ دینا چاہئے۔ میں تمہاری بھگتی کا امرت رس پان کر چکا ہوں۔ وہ بہت میٹھا ہے۔ بالکل مست بنا دینے والا ہے۔ کیا آپ ایک بار درشن دے کر شیدا بنا کر اب مجھے سنساری موہ مایا میں دھکیلتے ہو؟ پربھو! ایسا نہ کرو۔ پربھو! اپنی مایا ہٹا لو۔ مجھے اپنے نام کا دھن دو۔ اپنی بھگتی کا دان دو۔ یہی سچا دھن ہے۔ اگر یہ سچا دھن دے سکتے ہو تو دو۔ ورنہ جس سنساری دھن کی مجھے اچھیا نہیں ہے۔ اسے میرے سامنے کیوں بکھیرتے ہو؟ پربھو! میرا تو یہی انوبھو ہے۔ کہ ایک بار آپ کا سچے دل سے نام لینے سے جو شانتی ملتی ہے۔ وہ ساری ترلوکی کا راجیہ پا جانے پر بھی نہیں ملتی۔ اس لئے رہنے دو سنساری ایشوریہ کو۔ اور دو اپنے نام کا دھن!

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

پیارے ناظرین! کیا لکھنے بیٹھا تھا۔ کیا لکھ گیا۔ بھائیوا مجھ مورکھ کی ان بیوقوفی کی باتوں کو نظرانداز کر دینا یہی بات تو یہ ہے۔ کہ میں آپ سب میں اُسی من موہن کرشن کا جلوہ دیکھتا ہوں۔ اس لئے آپ سے پیار کرتا ہوں۔ اور کبھی کبھی کچھ مسخری کی باتیں بک دیتا ہوں۔ آپ بھی مجھ سے پیار کرتے ہیں؟ اس لئے میری سب باتیں آپ کو پیاری لگتی ہیں۔ اسی لئے کہتا ہوں۔ کہ سنساری دھن مال۔ پتر۔ استری وغیرہ کسی میں سچا سکھ نہیں ہے۔ اگر سچا سکھ ہے۔ تو صرف کرشن کی شرن میں۔ کرشن کے نام جپ اور کرشن کے سروپ کے دھیان میں جو سکھ ہے آہا! اس کا کیا بیان کیا جاوے؟ قلم میں طاقت نہیں۔ کہ لکھ سکے۔ اور زبان میں شکتی نہیں۔ کہ بتا سکے۔ آپ میری بات پر وشواس رکھ کر اپنا جیون دھارمک بنائیں۔ اور دُنیوی دھن مال کے ساتھ ساتھ کرشن بھگتی کا دھن بھی جمع کرتے جاویں۔ تجربہ سے آپ کو معلوم ہو جاوے گا۔ کہ دُنیوی دھن مال تو کسی کام نہ آیا۔ اور کرشن بھگتی کے دھن سے آپ کے لوک اور پرلوک دونو سُدھر جاویں گے۔

پھر بہک گیا۔ لکھنا تو یہ تھا۔ کہ کرشن نمبر کو خوب کامیابی ہوئی۔ اس کی بڑی تعریف کی گئی۔ اور شردھالو سجنوں نے ایڈیٹر کی تعریف کے پُل باندھ دئے۔ مگر یہ نہ لکھ کر کرشن بھگتی کی باتیں لکھنے لگا۔ اور آپ بھائیوں کو بھی کرشن بھگتی کا سبق پڑھانے لگا۔ آخر اس سمع خراشی سے کیا حاصل؟ ہاں بھائی! بڑی بھول ہوئی۔ لو۔ اب کرشن نمبر کی کامیابی کی بات کہتا ہوں۔ پیارو! آپ نے میری تعریف کی۔ کرشن نمبر کی تعریف کی۔ اور یہ لکھ دیا۔ کہ آپ کا کرشن نمبر بہت کامیاب رہا۔ مگر میں ان باتوں میں کرشن نمبر کی کامیابی نہیں مانتا۔ ہاں۔ اگر کرشن نمبر کو پڑھ کر آپ بھائیوں کے دلوں میں کرشن بھگتی کا بیج پڑ جاوے۔ آپ کرشن کے رنگ میں رنگے جائیں کرشن بھگتی کے اصلی تتو کو آپ بھائی پا جاویں۔ تبھی میں سمجھوں گا۔ کہ کرشن نمبر کامیاب رہا۔ ایسا ہونے سے مجھے بڑی خوشی ہوگی۔

آپ بھائیوں کا چرن سیوک
"پرمارتھی"

پانڈو گیتا

بہت ہی دلچسپ اور آسان دوہوں میں بھگوان کی پرارتھنا واستتی

پانڈو گیتا بہت اچھی پستک ہے چھوٹی سی ہے۔ مگر گرنتھوں کی پوری ہے سنسکرت میں ہونے کی وجہ سے اُردو دان بھائی اس سے فیضیاب نہیں ہو سکتے تھے اس لئے شریمان پرمارتھی جی نے اس کا اُردو میں ترجمہ کر دیا ہے۔ اور وہ بھی آسان دوہوں میں۔ اس میں قریب ۸۰ مہاتماؤں کی کی گئی بھگوان کی استتی درج ہے دوہے بڑے خوشنما اور منوہر ہیں اور ہر ایک دوہے کے نیچے اس کا آسان ترجمہ بھی دے دیا گیا ہے اس پانڈو گیتا کا نت نیم انوسار پاٹھ کرنے سے بھگوان کی کرپا ہوتی ہے۔ اور انسان دکھوں سے بچ جاتا ہے اگر آپ آتمک اُنتی کرنا چاہو تو ایک بار نیم انوسار اس کا پاٹھ ارتھ سہت کر کے دیکھو۔ پانڈو گیتا کا پاٹھ کرتے کرتے انسان بھگوان کے پریم میں مگن ہو جاتا ہے۔ بڑا آنند آتا ہے ایک کاپی کے لئے ۲ کے ٹکٹ لفافہ میں بھیج دو یا ۸ بذریعہ منی آرڈر بھیجکر رسالہ کے گاہک بن جاؤ۔ (۲) ادم کی مہما اور جپ کی ودھی۔ (۳) گائتری کی مہما اور جپ کی ودھی دونوں کے لئے سات آنے کے ٹکٹ بھیج دیں۔ ملنے کا پتہ۔ **مینیجر مارتنڈ پستکالیہ لاہور**

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ॐ

پرم سنت کبیر صاحب کی امرت بانی

حصہ اوّل ۔ ساکھیان

۱۔ گورو کی مہما

۱	ست گورو کی مہما اننت[۱] ۔ اننت کیا اُپکار	لوچن اننت[۲] اُگھاریا ۔ اننت دکھاون ہار[۳]
۲	ست گورو سم کو ہے سگا ۔ سادھو سم کو داتا[۴]	ہری سمان کو ہتو ہے[۵] ہری جن سم کو جات[۶]
۳	جیسی کھوجت برہما تھکے سُر نر مُنی اور دیو	کہ کبیر سُن سادھوا ! کر ستگورو کی سیو[۸]
۴	گورو کو سر پر راکھئے چلئے آگیا ماہیں[۹]	کہ کبیر تا داس[۱۰] کو تین لوک ڈر ناہیں
۵	بلہاری گورو آپنے گھڑی گھڑی سو سو بار	مانش سے دیوتا کیو کرت نہ لاگی بار[۱۱]
۶	پہلے[۱۲] داتا شش بھیا جن تن من اربا سیس	پاچھے داتا گورو بھیے جن نام دیا بخشیش
۷	من دیا[۱۳] تن سب دیا من کے ساتھ شریر	اب دیوے کو کچھو نہیں یوں کہ داس کبیر

(۱) اپار (۲) گیان کی آنکھیں کھول دیں (۳) اننت پربھو کے درشن کرائے (۴) داتا ۔ داتی (۵) ہتکاری ۶؎ ذات برادری (۷) دیوتا ۸؎ سیوا ۔ ٹہل ۹؎ گورو کی حکم عدولی نہ کیجئے ۔ ۱۰؎ گورو کے سیوک کو ترلوکی میں کچھ بھی ڈر نہیں ہے ۱۱؎ دیر ۱۲؎ پہلے چیلا یعنی شاگرد داتا بنا ۔ کہ جس نے اپنا تن من اور دھن سب گورو کے ارپن کر دیا ۔ پیچھے گورو داتا ہوئے ۔ کہ جنہوں نے چیلے کو بھگون نام کی بے بہا دولت بخش دی ۔ ۱۳؎ کبیر صاحب گورو سے مخاطب ہو کر کہتے ہیں ۔ کہ گورو دیو ! جب من آپ کے ارپن کر دیا ۔ تب گویا سارا جسم ہی آپ کے ارپن کر دیا ۔ جب من اور شریر آپ کے ارپن ہو گئے ۔ تب دینے کو اور کیا باقی رہا ۔ مطلب یہ کہ میرا سب کچھ آپ کا ہی ہے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

تن من دیا تو بھل کیا ۔ سر کا جاسی بھار	۸	کبت ہتوں کہے کہ ہیں دیا گھنی سہے گا مار
تن من تاکو دیجئے ۔ جا کے وِشیا ناہیں	۹	آپا سب ہی ڈار کے راکھے صاحب ماہیں
تن من دیا تو کیا ہوا نج من دیا نہ جائے	۱۰	کہے کبیر تا داس سے کیسے من پتیائے
تن من دیا آپنا ۔ نج من تا کے سنگ	۱۱	کہے کبیر نربھئے بھیا ۔ سن ستگورو پرسنگ
نج من تو نیچا کیا ۔ چرن کنول کی ٹھور	۱۲	کہے کبیر گورو دیو بن نظر نہ آوے اور
گورو دھوبی شِشّ کا پڑا صابن سر جنہار	۱۳	سرت شِلا پر دھوئیے نکسے جوت اپار

(۱۴) گورو جواب دیتے ہیں ۔ ہے شِشیہ ! اگر تو نے تن من میرے ارپن کر دیا ۔ تو اچھا ہی کیا ۔ اس سے تمہارے سر کا بوجھ اتر گیا ۔ ارتھات ساری ذمہ واریوں سے تو بری ہو گیا ۔ لیکن اس بات کا اہنکار نہ کرنا ۔ کہ میں نے گورو کو تن من سب دے دیا ۔ کیونکہ اہنکار سب پاپوں کی جڑ ہے ۔ اگر ایسا کہے گا ۔ تو سخت دکھ بھوگیگا ۔ ارتھات پرمارتھ کی راہ سے بھرشٹ ہو جاوے گا ۔ اور کبھی سِدھی کو نہیں پا سکیگا ۔

(۱۵) گورو کی پرکھ کے لئے کہتے ہیں ۔ کہ ایسے گورو کی سیوا میں تن ۔ من دینا چاہیئے ۔ کہ جو سنساری وِشے واسناؤں سے رہت ہو ۔ اور اپنا آپ سب کچھ بتا یا کہ جس نے صرف پرماتما سے لو لگائی ہو

(۱۶) کبیر صاحب کہتے ہیں ۔ کہ اگر تن ۔ من گورو کے ارپن کر دیا ۔ تو اس سے کیا ہوا جب نج من ارتھات اہنکار کو نہیں چھوڑا ایسا شِشیہ جس نے اہنکار کو نہیں چھوڑا ۔ وہ کیسے گورو کی کرپا کا پاتر ہو سکتا ہے ارتھات اس پر گورو کی کرپا نہیں ہو سکتی

(۱۷) لیکن اگر تن من گورو کے ارپن کر کے اس کے ساتھ اہنکار کو بھی چھوڑ دیا ۔ تو کبیر صاحب کہتے ہیں ۔ کہ ایسا شِشیہ واقعی میں ست گورو کے اپدیش سے نربھئے ہو جاتا ہے ۔ ارتھات سنسار ساگر سے تر کر مکت ہو جاتا ہے ۔

(۱۸) اس بات کا کیا ثبوت ہے ۔ کہ اہنکار چھوٹ گیا ؟ اس بارے میں کہتے ہیں ۔ کہ جب نج من ارتھات اہنکار کو شری گورو دیو کے چرن کنولوں میں پھینک دیا ۔ تب یہ حالت ہو جاتی ہے ۔ کہ اپنا آپ بالکل بھول جاتا ہے ۔ اور گورو دیو کے بنا سنسار میں کچھ بھی دوسرا دکھائی نہیں دیتا جو کچھ گورو دیو دکھاتے ہیں وہی دکھائی دیتا ہے وہ بڑے مہتو ہے ۔ اس کا بار بار وچار کرنا چاہیئے ۔ اس بارے میں کبیر صاحب کی ہی ایک کتھا ہے ۔ کہ ایک بار کسی جگیاسو بھگت کو گورو بھگتی کا آدرش دکھانے کے لئے انہوں نے اپنے گرگہ میں جہاں وہ اپنی پرم بھگتنی چیلی لوئی کے ساتھ وہ پہر کے وقت تانا بن رہے تھے ۔ آہستہ سے اپنی ڈھر کی کپڑے میں چھپا لی ۔ اور لوئی سے کہا کہ دیکھ ۔ ڈھر کی گر گئی ہے ۔ اسے زمین پر تلاش کر ۔ وہ اسے ڈھونڈنے لگی ۔ آخر کار ہار کر کانپتے ہوئے اس نے عرض کیا ۔ کہ نہیں ملی ؟ اس پر کبیر صاحب نے جواب دیا کہ تو پاگل ہے ۔ رات کے وقت بنا چراغ جلائے ڈھونڈتی ہے ملے کیسے ؟ اپنے گورو کے منہ سے یہ بچن سنتے ہی اس کو سچ مچ ایسا معلوم ہونے لگا ۔ کہ اندھیرا ہے ۔ چراغ جلا کر ڈھونڈنے لگی ۔ جب کچھ دیر ہو گئی ۔ کبیر صاحب نے خفا ہو کر کہا ۔ ایسے اتاولی ہو رہی ہے دیکھ میں ڈھونڈتا ہوں ۔ اور اس کے سامنے ہی ڈھر کی کپڑے میں سے نکال لی ۔ اور اسے دکھا کر کہا ۔ کہ کیسے جھٹ پٹ مل گئی ۔ اس پر لوئی رو کر بولی ۔ کہ گورو دیو ! کشما کرو ۔ نہ معلوم میری آنکھوں میں کیا پتھر پڑ گئے تھے ۔ تب کبیر صاحب نے اس جگیاسو سے کہا کہ دیکھ یہ ہے سچی بھگتی (اہنکار رہت بھگتی یا تن ۔ من ارپن کرنے کا ہے کہ جو گورو دیو یا بھگوان کہیں ۔ وہی شِشیہ یا بھگت کو دکھائی دیوے ۔ (۱۹) دھیان ۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

گورو[20] کمہار شِش کمبھ ہے گڑھ گڑھ کاڑھے کھوٹ	۱۴	اِنتر ہاتھ سہار دے باہر باہے چوٹ
گورو[21] صاحب تو ایک ہیں دُوجا سب آکار	۱۵	آپا میٹے گورو بھجے تب پاوے کرتار
گیان[22]۔ سماگم ۔ پریم ۔ سُکھ ۔ دیا بھگتی وشواس	۱۶	گورو سیوا تے پایئے ستگور چرن نواس
گورو[23] سے بھید کو لیجئے سیس دیجئے دان	۱۷	بہُو تک بھوندو بہ گئے راکھ جیو ابھیمان
گورو سمان داتا نہیں یاچک شِشیہ سمان	۱۸	تین لوک کی سمپدا ۔ سو گورو دینا جان
پنڈت پڑھ گُنی پچ مُوئے ۔ گورو بن ملے نہ گیان	۱۹	گیان بنا نہیں مُکتی ہے ست شبد پرمان
گورو[24] کی آگیا آوئی ۔ گورو کی آگیا جائے	۲۰	کہ کبیر سو سنت ہے آواگون نسائے
بھلی[25] بھئی جو گورو ملے جاتے پایا گیان	۲۱	گھٹ ہی ماہیں چبوترا[26] گھٹ ہی ماہیں دیوان[27]

[20] گورو کمہار کی مانند ہے ۔ اور شِشیہ (چیلا) گھڑے کی مانند ہے ۔ جس طرح کمہار گھڑے کو گھڑتا ہوا اندر سے ہاتھ کا سہارا دے کر باہر چوٹ لگاتا ہے ۔ اور اس طرح گھڑے کو تیار کرتا ہے ۔ ویسے ہی گورو جپ تپ وغیرہ کی چوٹیں لگا کر اور اپنے پریم رُوپی ہاتھ کا سہارا دے کر شِشیہ کے تمام کھوٹ نکال کر اُسے شدھ بنا دیتا ہے ۔

[21] گورو اور پرماتما در اصل ایک ہی ہیں ۔ دو بالکل نہیں ہیں ۔ جو دُوئی یا غیریت دکھائی دیتی ہے ۔ وہ محض آکار کی ارتھات سطحی ہے ۔ اگر اہنکار کو ترک کر کے گورو کی بھگتی کی جاوے ۔ تو سچ مچ گورو میں ہی بھگوان کے درشن ہو سکتے ہیں

[22] گورو سیوا سے کیا پھل ملتا ہے ؟ اگر یہ سوال کیا جاوے ۔ تو کبیر صاحب کہتے ہیں ۔ کہ سب کچھ ملتا ہے ۔ گیان ست سنگ ۔ پریم ۔ دیا بھاو ۔ بھگتی بھاو اور وشواس (ایشور پر بھروسہ) یہ سب گورو سیوا سے ملتے ہیں ۔ اس کے سوا گورو کی سیوا سے ستگور ارتھات ست پرش پربرمھ پرماتما کے چرنوں میں رسائی ہوتی ہے ۔ اور سب سے بڑا لابھ تو یہی ہے ۔

[23] ۔ مطلب یہ کہ سب کچھ ارپن کر کے گورو سے بھید کی بات (برھم پراپتی کا سرل اُپائے) کا اُپدیش لینا چاہیئے ۔ بہت سے مُورکھ آدمی اس وجہ سے اپنے جنم کو عبث کھو گئے کیونکہ انہوں نے گورو کے سامنے ابھیمان کو ترک نہیں کیا ۔ سچ تو یہ ہے ۔ کہ آدھینتا اختیار کر کے ہی کسی سے کچھ لیا جا سکتا ہے ۔ گورو خواہ کتنا ہی دیالو ہو ۔ مگر جب تک شِشیہ اپنے ابھیمان کو ترک نہیں کرتا ۔ کبھی اپنے اِشٹ پھل کو پراپت نہیں ہو سکتا ۔

[24] ۔ جس کا آنا اور جانا سب گورو کی آگیا سے ہوتا ہے ۔ ارتھات جو گورو کی ہی شرن پکڑ لیتا ہے ۔ کبیر صاحب کہتے ہیں ۔ کہ وہی سنت پُرش آواگون سے چھوٹ کر مُکتی کو پراپت ہوتا ہے ۔

[25] بہت اچھا ہوا [26] تخت [27] دربار ۔ مطلب یہ کہ گورو سے یہ ست گیان ملا ۔ کہ اپنے ہی جسم میں پرماتما کا سنگھاسن ہے ۔ اور اپنے ہی جسم میں اُن کا دربار لگتا ہے ۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

گورو ملا تب جانئے۔ مٹے موہ تن تاپ	۲۲	ہرش شوک ویاپے نہیں سب گورو آپے آپ
وستو کہیں ڈھونڈھے کہیں کیہی بدھ آوے ہاتھ	۲۳	کہ کبیر تب پائیے جب بھیدی لیجے ساتھ
بھیدی لینا ساتھ کر۔ دینی وستو لکھائے	۲۴	کوٹ جنم کا پنتھ تھا پل میں پہنچا جائے
چنتن چوکی بیٹھ کو ستگورو دینی دھیر	۲۵	نربھے ہوئے نس سنک بھج کیول نام کبیر
ست گورو ہم سے ریجھ کے ایک کہا پرسنگ	۲۶	برسا بادل پریم کا بھیج گیا سب انگ
ست گورو کے اپدیش کا سنیو ایک وچار	۲۷	جو ستگورو ملتا نہیں جاتا جم کے دوار
جم دوارے پر دوت سب کرتے کھینچا تان	۲۸	ان تے کبھی نہ چھوٹتا پھرتا چاروں کھان
چاروں کھان میں بھرمتا کبھوں نہ لہتا پار	۲۹	سو تو پھیرا مٹ گیا ست گورو کے اپکار
ست گورو ساچا سورما شبد جو باہا ایک	۳۰	لاگت ہی بھے مٹ گیا پڑا کلیجے چھیک
ست گورو ایسا سورما نکھ سکھ مارا پور	۳۱	باہر گھاؤ نہ دیسی ای بھیتر چکنا چور
ست گورو مارا بان بھر نرکھ نرکھ نج ٹھور	۳۲	نام اکیلا رہ گیا۔ چنتت نہ آوے اور
ست گورو مارا بان بھر۔ ٹوٹ گیا سب زیب	۳۳	کہوں آپا کہوں آپد۔ تسبیح کہوں کتیب

۲۳ بھیدی ارتھات گورو کو جب ساتھ لیا۔ تو اس نے جھٹ برہم روپی وستو دکھا دی۔ یہ برہم گیان کا مارگ جو کروڑوں جنموں میں طے ہوتا۔ سچے گورو کی کرپا سے لمحہ بھر میں طے ہو گیا۔ یہ گورو کی مہما کچھ تھوڑی نہیں ہے (۲۹) شک و شبہ سے بالاتر اور بے خوف ہو کر صرف بھگوان کے نام کا جپ کر۔

۲۶ سچے گورو نے دیالو ہو کر ایسا اپدیش دیا۔ کہ گویا پریم کی برکھا برسا دی۔ کہ جس سے میرا سارا شریر بھگتی بھاو کے پانی سے بھیگ گیا۔ ارتھات میرے انگ انگ میں پریم اور بھگتی بھاو بھر گیا۔

۲۸ چاروں اطراف میں گھومتا۔ تب بھی جم کے ہاتھوں سے پیچھا نہ چھوٹتا۔ ست گورو کی کرپا سے یہ سب دکھ چھوٹ گیا۔

۳۲ ایک شبد روپی تیر لگایا ۳۳ دل پر اثر کر گیا ۳۴ پورا ۳۵ باہر تو زخم بالکل نظر نہیں آتا۔ مگر اندر سے چکنا چور ہو گیا۔ مطلب یہ کہ بھگوان کے بھگت باہر سے سنساری آدمیوں کی طرح ہی دکھائی دیتے ہیں۔ مگر ان کے اندر بھگوان کی لگن پورے طور سے لگی ہوتی ہے

۳۶ ست گورو نے میرے جسم میں تاک تاک کر ایسے گیان کے بان چلائے۔ کہ جس سے میرے چت کے دشٹ بھاو سب نشٹ ہو گئے۔ اور صرف نام (بھگوان کا نام) باقی رہ گیا۔ اب یہ حال ہے۔ کہ گورو کی کرپا سے سوائے بھگوان نام کے چت کسی اور طرف رجوع ہی نہیں کرتا

۳۷ ست گورو نے ایسا کھینچ کر گیان کا تیر مارا۔ کہ جس سے سب دنیوی زیبائش (ٹیپ ٹاپ) ٹوٹ گئی۔ اور سب ظاہری سامان چھوٹ گئے۔ اب نہ تو خودی رہی۔ نہ دنیا کے دھن مال کی پرواہ رہی۔ نہ تسبیح (مالا) کی ہی ضرورت رہی۔ اور نہ کسی گرنتھ کے پڑھنے کی حاجت ہے۔ ست گورو کے گیان کے بان نے سب کچھ چھڑا دیا۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

مان بڑائی اُرشنا[30] یہ جگ کا بیوہار	۳۴	داس غریبی بندگی ست گورو کا اُپکار
ست نام چھوڑوں نہیں ست گورو سیکھ دیا	۳۵	اُدناشی کو پرس کے آتم امر بھیا!
ست گورو مل ترسے بھیا نہیں نہ دوجی آس	۳۶	جاے سمانا شبد میں ست نام وشواس
کُومتی[31] کیچ چیلا بھرا - گورو گیان جل ہوئے	۳۷	جنم جنم کا مورچا پل میں ڈارے دھوئے
گیان سماگم[32] پریم سُکھ - دیا بھگتی وشواس	۳۸	ست گورو مل ایکے بھیا نہیں نہ دوجی آس
جیو ادھم اُرو کُٹل ہے کبھوں نہیں پتیائے[33]	۳۹	تاکو اوگن میٹ کے ست گورو ہوت سہائے
ست گورو بڑے صراف ہیں پرکھیں کھرا اُرو کھوٹ	۴۰	بھوساگر تے نکار کے راکھیں اپنی اوٹ[34]
بھوساگر جل وِش بھرا من نہیں باندھے دھیر	۴۱	شبد سنیہی گورو ملا اُترا پار کبیر
ست گورو بڑے جہاز ہیں جو کوئی بیٹھے آئے	۴۲	پار اُتارہیں اور کو اپنے پارس[35] لائے

جن کبیر بندن کرے کبھی پرم سیو[36]
دار پار کی گم نہیں - نمو نمو گورو دیو

سیوا[۳۶]

۷- جھوٹے گورو کی نندا

گورو ملا نہ شش ملا لالچ کھیلا داو	۱	دوؤ بوڑے[1] دھار میں چڑھ پاتھر کی ناو
جانتا بوجھا نہیں بوجھ کیا نہیں گون	۲	اندھے کو اندھا ملا راہ بتاوے کون؟
کبیر پورے گورو بنا پورا شش نہ ہوئے	۳	گورو لوبھی شش لالچی دونی داجھن[3] ہوئے
جا گورو تے بھرم نہ مٹے بھرانت نہ جی کی جائے	۴	گورو تو ایسا چاہیئے دیوے شبد لکھائے

۳۰- من کی ترنگیں۔ مطلب یہ کہ ابھیمان۔ حکومت اور من کا بھٹکنا۔ یہ تو سنسار کی بیوہار ہیں۔ جو کہ گورو کی کرپا سے چھوٹ گئے اور ان کی بجائے داستا (عجز) غریبی اور بندگی یہ آ گئے۔ جو کہ دنیوی ہستی ہیں

۳۱ چیلا کُومتی (ردی مت) اگیان کے کیچڑ سے بھرا تھا۔ گورو جی نے گیان روپی جل ڈال کر جنم جنمانتر کے لگے ہوئے زنگ داگیان کی میل کو پل بھر میں اپنے اُپدیش سے دھو ڈالا۔

۳۲۔ ست گورو کی کرپا سے کیول ایک برہم ستا ہی دکھائی دینے لگی۔ غیریت (دوئی) جاتی رہی۔

۳۳ کبھی راہ راست پر نہیں آتا ۳۴ اپنی شرن میں رکھتے ہیں۔ ۳۵ برہم گیان روپی پارس

۱ ڈوبے ...... ۲ برہم کا گیان نہیں پایا۔ ۳ داجھن یعنی تپن۔ جلن۔ دُکھ ۴ بھٹکن۔ مطلب یہ کہ جس گورو سے سنشے نورت نہ ہوویں۔ اور من کی بھٹکن دور نہ ہووے۔ وہ گورو کاہے کا۔ گورو تو وہی ہے۔ جو شبد برہم کے درشن کرا سب دُکھ دور کر دیوے۔

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

بندھے کو بندھا ملے چھُوٹے کون اُپائے ۵ کر سیوا نربندھ کی پل میں لیت چھُڑائے

گورُو۵ تو گھر گھر پھرے ویچھا ہمری لیہو! ۶ کے بُوڑو کے اُو جھلو ٹکا پردنی دیہو!

جانکا گورو گرہی اہے چیلا گرہی ہوئے

کیچ کیچ کو دھووتے داغ نہ چھُوٹے کوئے (۷)

گورو مکھ اور من مکھ

گورو مکھ گُورو چیتوت رہے جیئے منی بھجنگ ۱ کہے کبیر بسرے نہیں یہ گورو مکھ کو انگ

گورو مکھ گورو آگیا چلے چھاڑ دیہہ سب کام ۲ کہے کبیر گورو دیو کو ڈُت کرے پرنام

اُلٹے نسلٹے بچن کے شِشش نہ ملنے دُکھ ۳ کہے کبیر سنسار میں سو کہئے گورو مکھ

پھل کارن سیوا کرے نجے نہ من سے کام ۴ کہے کبیر سیوک نہیں چہے چوگنا دام

چوپائی

گورُو۵ سے کرے کپٹ چترائی (۵) سو ہنسا بھو بھرمے آئی

جو شِش گورو کی نندا کرائی ستو کر سوان گربھ میں پڑائی

گورو بن مالا پھیرنا - گورو بن کرتا دان! (۶) گورو بن سب نشپھل گیا بوجھو وید پُران

گرہسٹھ جوگیسر گورو ملا - لاگا ہر کی سیو ۷ کہے کبیر بیکنٹھ سے پھیر دیا سُکدیو

۵ مطلب یہ کہ جھوٹے گورو تو گھر گھر گھومتے ہیں - اور کہتے پھرتے ہیں - کہ ہماری دیکھشا لو - ارتھات ہمیں گورو بناؤ - اور آپ خواہ ڈوبو خواہ ترو - مگر ہمیں ایک ٹکہ بخشش کر دو - مطلب یہ کہ ہمارا پیٹ بھر دو - ۶ جس کا گورو سنساری ہو اور چیلا بھی سنساری ہو - ارتھات وہ دونو ہی سنسار کی موہ مایا میں پھنسے ہوں - تب تو یہی شکل ہوتی - کہ کیچڑ سے کیچڑ کو دھوتے ہیں - ارتھات اگیان سے اگیان کو دور کرنا چاہتے ہیں اندھیرے سے اندھیرے کو ہٹانا چاہتے ہیں - اس طرح بھلا اگیان کی میل کیسے چھُوٹ سکتی ہے - وہ تو اور بڑھیگی

---

۱ جیسے سانپ سدا منی کا دھیان رکھتا ہے ۲ نشانی ۳ ٹیڑھے میڑھے ارتھات نرم و سخت ارتھات گورو کی نرم سخت سب باتیں برداشت کرے - گورو اگر کرودھ کرے - تو بھی برا نہ ملنے ۴ کامنا - ہوس

۵ گورو کے ساتھ جو چھل کپٹ کرتا ہے - وہ جیو بھو ساگر میں بھٹکنے کے لئے جنم لیتا ہے - جو شِشیہ گورو کی نندا کرتے ہیں - وہ سؤر اور کتے کی جون میں جاتے ہیں -

۶ کہتے ہیں - کہ سکدیو جی ماتا کے گربھ میں ہی کئی برس تک رہ کر بھگوت بھجن کرتے رہے - مگر سورگ میں بھی جگہ پانے لوگ نہیں سمجھے گئے - جب تک کہ راجہ جنک کو گورو دھارن نہیں کیا -

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

جنک بدیہی گورو کیا لاگا ہری کی سیو (۹) کہے کبیر بیکنٹھ میں. الٹ ملا سکدیو

چونسٹھ دیوا جوئی کے چودہ چندا ماہیں!
تیہی گھر کس کا چاندنا جیہی گھر ستگور ناہیں

۳-گورو شیشیہ کی تلاش

ایسا کوئی نہ ملا ہم کو دے اپدیش	۱	بھوساگر میں ڈوبتا - کر گہی کاڑھے کیس
ایسا کوئی نہ ملا جا سے رہیئے لاگ	۲	سب جگ جلتا دیکھیا اپنی اپنی آگ
ایسا کوئی نہ ملا گھر دے اپنا جلائے	۳	پانچوں لڑکا پٹک کے رہے نام لولائے
ہم گھر جارا آپنا لوکا لینا ہاتھ!	۴	واہو کا گھر پھونک دوں جو چلے ہمارے ساتھ
ایسا کوئی نہ ملا جا سے کہوں دکھ روئے	۵	جا سے کہئے بھید کی سو پھر دشمن ہوئے
ایسا کوئی نہ ملا سب ودھی دیئی بتائے	۶	کون منڈل میں پرش ہے جاہی لو لولائے
جیسا ڈھونڈھت میں پھروں تیسا ملا نہ کوئے	۷	تتو دیتا - ترگن رہت - نرگن سے رت ہوئے
پریمی ڈھونڈھت میں پھروں پریمی ملا نہ کوئے	۸	پریمی سے پریمی ملے وش سے امرت ہوئے
شِشّ تو ایسا چاہیئے گورو کو سب کچھ دئے	۹	گورو تو ایسا چاہیئے شش سے کچھو نہ لئے

ع۷ - چونسٹھ دیا ۱۵ چونسٹھ یوگ کی کلائیں ع۸ چودہ ودیاؤں کا پرکاش

ع۱ ہاتھ میں بال پکڑ کر باہر نکالے - ع۲ جو اپنے سنساری موہ مایا روپی گھر کو جلادے - اور کام کرودھ - لوبھ موہ وغیرہ اپنے پانچوں سنساری بیٹوں کو مار کر (پرے پھینک کر) صرف بھگوان کے نام سے ہی لگن لگادے۔ ایسا مہاتما درلبھ ہی ہے ع۳ ہم نے گیان روپی چنگاری (جلتی لکڑی) ہاتھ میں لے کر اپنے موہ مایا روپی گھر کو جلادیا - اور جو ہماری سنگت کریگا - اس کے بھی موہ مایا روپی گھر کو جلادونگا۔ ع۴ ایسا مہاتما ابھی تک نہیں ملا۔ کہ جو بھگوان کے ملنے کی سرل اور سیدھی ودھی بتلادے - اور یہ بھی دکھادے - کہ کس دیش میں بھگوان رہتے ہیں - کہ جن کا میں من لگا کر جپ کروں

ع۵ جیسے ستگورو کی میں تلاش میں ہوں - ویسا ابھی تک نہیں ملا - اس ست گورو کے لکشن یہ ہیں - کہ تتو دیتا یعنی حقیقت شناس ہو - ست - رج اور تم تینوں گنوں سے رہت ہو - اور نرگن برمھ میں ہی جو سدا لین رہتا ہو - سچ مچ ایسا مہاتما درلبھ ہی ہے

ع۶ شش (چیلا) ایسا ہونا چاہیئے - کہ جو اپنا سب کچھ گورو کو سونپ دے - اور گورو ایسا ہونا چاہیئے - کہ جو شش سے کچھ نہ لے - ارتھات شششیہ کا محتاج نہ ہو - گورو اور چیلے دونو کو نشکام ہونا چاہیئے -

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سرپ میں دودھ پلایئے سوئی وِش ہو جائے — ایسا کوئی نہ ملا۔ آپ ہی وِش کھائے
بوند سمانی سمند میں یہ جانے سب کوئے — سمند سمانا بوند میں بوجھے وِرلا کوئے

کبیر ویدیہ بلائیا۔ جو بھاوے سو لے ہی!
جہہ جہہ اوشدھ گورو ملے سو سو اوشدھ دے ہی

۴ سیوک اور داس کی پہچان

۱ سیوک سیوا میں رہے۔ سیوک کہئے سوئے — کہے کبیر سیوا بنا سیوک کبھو نہ ہوئے
۲ سیوک سیوا میں رہے اور کہوں نہ جائیے — سکھ دکھ سر اوپر سہے کہ کبیر سمجھائے
۳ سیوک سوامی ایک مت۔ جو مت میں مت ملی جائے — چترائی ریجھے نہیں ریجھے من کے بھائے
۴ دوار دھنی کے پڑ رہے دھکا دھنی کا کھائے — کبھوں تو دھنی نوازئی جو در چھانڈ نہ جائے
۵ گووند سمرتھ سر پر کھڑے کہا کمی تو ہے داس — ردھ سدھ سیوا کریں مکتی نہ چھانڈے پاس
۶ داس دکھی تو ہر دکھی آدا انت تیہوں کال — پلک ایک میں پرگٹ ہوئے چھن میں کرے نہال
۷ سیوک کتا گورو کا موتیا واکا ناؤ — ڈوری لاگی پریم کی جت کھینچے تت جاؤ
۸ داسا تن ہردے نہیں نام دھراوے داس — پانی کے پیئے بنا کیسے مٹے پیاس
۹ بھگتی مکتی مانگوں نہیں بھگتی دان دے موہیں — اور کوئی یاچوں نہیں نسدن یاچوں تو ہی
۱۰ کاجر کیری کوٹھڑی ایسا یہ سنسار — بلہاری وا داس کی پیٹھ کے نکسن ہار

ع۱ استعارات اپنے سشیہ کے وکاروں کو کھینچ لے ع۲ بوند سمندر میں سما جاتی ہے۔ یہ تو سبھی جان سکتے ہیں۔ مگر سمندر بوند میں سمایا ہوا ہے۔ اس بات کو کوئی گیانی ہی جانتا ہے ع۳ وید جتنی چاہے فیس لے لے۔ مگر وہ ہی دوائی دیوے۔ کہ جس سے ستگورو کے درشن ہوویں۔ بلہاری

۱ جب سچے ست گورو اپنے پاس ہوں۔ تب پھر کس بات کی کمی رہ سکتی ہے؟ سب ردھی سدھی اور مکتی ایسے پرش کی داسی ہوتی ہیں ۲ بھگت کے دکھ سے بھگوان بھی دکھی ہوتے ہیں۔ اس میں شک کیا ہے؟ ایسے موقع پر بھگوان بھگت کا دکھ ہرنے کے لئے پلک مارتے پرگٹ ہو جاتے ہیں۔ جیسے گج۔ دھرو۔ پرہلاد وغیرہ کے لئے بھگوان پرگٹ ہوئے ۳ نام ۴ من میں بھگتی تو ہے نہیں۔ اور آپ بن بیٹھے ہیں بھگت۔ سب لوگ بھگت بھگت کہہ کر پکارتے ہیں۔ مگر اس سے کیا لابھ؟ پانی پیئے بنا محض پانی پانی کرنے سے تو پیاس نہیں بجھ جاتی ۵ سنسار کے سب بھوگ یا مکتی یہ سب میں کچھ نہیں چاہتا ہے پربھو! میں تو صرف آپ کی بھگتی چاہتا ہوں۔ مجھے اپنی بھگتی کا دان دو۔ میں تم سے اور کچھ نہیں مانگتا۔ پربھو! میں تو تجھ سے فقط تجھی کو مانگتا ہوں ۶ یہ سنسار کاجل (اگیان یا موہ روپی سیاہی) کی کوٹھڑی ہے آفرین ہے اس بھگت کو جو کہ اس کوٹھڑی میں داخل ہو کر بیداغ باہر نکل آوے۔ (ستیارتھ موہ ما یا وغیرہ دیکھئے)

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

۱۱ کاچر کیری کوٹھڑی کا جبر ہی کا کوٹ ۔ بلہاری وا داس کی یہ ہے نام کی اوٹ
۱۲ کبیرا پانچوں بلدیا اُدجبر اُدجبر جاہیں ۔ بلہاری وا داس کی یہ پکڑ جو راکھے واہیں
۱۳ راتا راتا سب کہیں ان راتا ہے نہ کوئے ۔ راتا سو ہی جانئے ۔ جا تن رکت نہ ہوئے

سب گھٹ میرا سائیاں سُونی سیج نہ کوئے
بلہاری وا گھٹ کی ۔ جا گھٹ پرگٹ ہوئے (۱۴)

۴ ۔ سورما کی پہچان

۱ سورا سوئی سراہیے لڑے دھنی کے ہیت ۔ پرزہ پرزہ ہوئے رہے کبھو نہ چھانڈے کھیت
۲ سورا سوئی سراہیئے انگ نہ پہرے لوہ ۱ ۔ جھوجھے سب بند کھول کے چھانڈے تن کا موہ
۳ کھیت نہ چھانڈے سورما جوجھے دو دل ماہیں ۔ آسا جیون مرن کی من میں آنے ناہیں
۴ گھائل کی گت اور ہے اورن کی گت اور ۔ پریم بان ہردے لگا رہا کبیرا ٹھور
۵ کبیرؔ گھوڑا پریم کا چیتن چڑھ اسوار ۔ گیان کھڑگ لے کال سر بھلی مچائی مار
۶ ہری گھوڑا برہما کڑی وشنو پیٹھ پلان ۔ چند سور دوؤ پائڑا چڑھسی سنت سجان
۷ سر راکھے سر جات ہے سر کاٹے سر سوئے ۔ جیسے باتی دیپ کی ۔ کٹ اُجیارا ہوئے
۸ لڑنے کو سب ہی چلے شستر باندھ انیک ۔ صاحب آگے آپنے جوجھے گا کوئی ایک
۹ سورا کے میدان میں کایر پھنسا آئے ۔ نہ بھاجے نہ لڑ سکے ۔ من ہی من پچھتائے
۱۰ سائیں سینت نہ پایئے باتن ملے نہ کوئے ۔ کبیر سودا نام کا سر بن کبھوں نہ ہوئے
۱۱ اگنی آنچ سہنا سُگم ۔ سُگم کھڑگ کی دھار ۔ نہیہ نبھاون ایک رس مہا کٹھن بیوہار

عہ کبیر صاحب کہتے ہیں ۔ کہ کام کرودھ وغیرہ پانچوں بلی انسان کو الگ الگ اطراف کو کھینچ لے جاتے ہیں ۔ اور آرام نہیں لینے دیتے آفرین ہے ۔ اس بھگت کو جو کہ ان پانچوں کو قابو میں رکھتا ہے ۔ ارتھات کام ۔ کرودھ وغیرہ سے مغلوب نہیں ہوتا عہ سبھی اپنے آپ کو راتا ارتھات پریمی یا بھگت کہتے ہیں ۔ کوئی اپنے آپ کو ابھگت نہیں کہتا ۔ مگر بھگت تو وہی ہے کہ جس میں رکت ارتھات ابھیمان نہ ہو عہ خالق بھگوان ہر گھٹ میں موجود ہے ۔ کوئی بھی جسم اس سے خالی نہیں ہے مگر آفرین ہے ۔ اس شریر کو کہ جس میں وہ پرگٹ ہوتا ہے

عہ زرہ بکتر عہ پریم کا تو گھوڑا ہے اور چیتن ارتھات برہم گیانی پرش اس پر سوار ہے ۔ گیان کی تلوار اس کے ہاتھ میں ہے جس سے کال ارتھات مرتیو کو اس نے خوب پچھاڑا ہے ۔ ارتھات گیانی بھگت نے موت کو اپنے بس میں کر لیا ہے عہ رکاب عہ صفت عہ مطلب یہ کہ آگ کا برداشت کرنا اور تلوار کی دھار سہنا آسان ہے ۔ مگر ایک رس (ایک جیسا) پریم نباہنا بہت ہی مشکل کام ہے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کبیرا توڑ مان گڑھ۔ پکڑے پانچوں سوآن
گیان کلہاڑا کرم بن کاٹ لیا میدان (۱۲)

کبیر توڑا مان گڑھ مارے پانچ غنیم! ۱۳ سیس نوایا دھنی کو سادھی بڑی مہیم
کبیر پانچوں ماریے جا مارے سکھ ہوئے ۱۴ بھلا بھلی سب کوئی کہے برا نہ کہسی کوئے
سورا نام دھرائیکے اب کا ڈر پے بیر ۱۵ منڈ رہنا میدان میں سنمکھ سہنا تیر
تیر طبق سے جو لڑے سو تو سور نہ ہوئے ۱۶ مایا تج بھگتی کرے سور کہاوے سوئے

سورا کے میدان میں کایر کا کیا کام؟
سورا سے سورا ملے تب پورا سنگرام (۱۷)

۵ پتی برتا کی مہما

پتی برتا کو سکھ گھنا۔ جا کے پتی ہے ایک ۱۸ من میلی وبھچارنی تا کے پتی انیک
پتی برتا میلی بھلی کالی کچیل کروپ ۱۹ پتی برتا کے روپ پر واروں کوٹ سوروپ
پتی برتا پتی کو بھجے اور نہ آن سہائے ۲۰ سنگھ بچہ جو لنگھنا تو بھی گھاس نہ کھائے
کبیر سیپ سمندر کی رٹے پیاس پیاس ۲۱ اور بوند کو نہ گہے سواتی بوند کی آس
میں سیوک سمرتھ کا کبھوں نہ ہوئے اکاج ۲۲ پتی برتا ننگی رہے تو وا ہی پتی کو لاج
پتی برتا کے ایک تو اور نہ دوجا کوئے ۲۳ آٹھ پہر نرکھت رہے سوئی سہاگن ہوئے
سورا کے تو سر نہیں داتا کے دھن نامیں ۲۴ پتی برتا کے تن نہیں سرت بسے پی مانہیں
داتا کے تو دھن گھنا سورا کے سر بیس ۲۵ پتی برتا کے تن سہی پت راکھے جگدیش
پتی برتا پتی کو بھجے۔ پتی پر دھر وشواس ۲۶ اور دشا چتوے نہیں سدا پیو کی آس
پتی برتا وبھچارنی ایک مندر میں باس ۲۷ وہ رنگ راتی پیو سے یہ گھر گھر پھرے اداس

نام رٹا تو کیا ہوا جو انتر ہے ہیت!
پتی برتا پتی کو بھجے مکھ سے نام نہ لیت (۲۸)

۱ کبیر صاحب کہتے ہیں۔ گیان کا کلہاڑا ہاتھ میں لے کر کرم روپی بن کو کاٹ ڈالا۔ اور ابھیمان کے قلعے کو توڑ کر کام کرودھ وغیرہ پانچوں کتوں کو پکڑ لیا ۲ ابھیمان روپی قلعے کو توڑ کر پانچ دشمن مار ڈالے اور بھگوان کی شرن کو پراپت کیا۔ یہ بڑی مہم سر کی ۳ کام کرودھ وغیرہ پانچوں دشمنوں کو مار ڈالنے سے سب لوگ بھلا ہی کہینگے۔ کوئی بھی برا نہ کہے گا ۴ میدان میں ڈٹے رہنا ۵ شیر کا بچہ خواہ بھوکا مر جائے مگر گھاس کبھی نہ کھائیگا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

۲۹ سائیں مور سُولچھنا ہیں پتی برتا نار ! دیو دیدار دَیا کرو میرے پَنچ بھرتار

۳۰ جو یہ[۱] ایکے جانیا تو جانو سب جان جو یہ ایک نہ جانیا تو سب ہی جان اجان

۳۱ سب آئے اُس ایک ہیں ڈار پات پھل پھول اب کہو پاچھے کیا رہا گہی پکڑا جب مُول

۳۲ میرا[۲] سائیں ایک تُو دُوجا اور نہ کوئے دوجا سائیں تو کروں جو کچھ دُوجا ہوئے

۶۔ وِبھچارنی استری

۳۳ نار کہاوے پیو کی رہے اور سنگ سوئے یار سدا من میں بسے خصم خُوشی کیا ہوئے ؟

۳۴ سیج بچھاوے سندری انتر پروا ہوئے تن سوپنے من دے نہیں سدا دوہاگن سوئے

۳۵ من دِیا کہوں اور ہی تن سادھن کے سنگ کہ کبیر کوری گزی کیسے لاگے رنگ

۳۶ وِبھچارن وِبھچار ہیں آٹھ پہر ہوشیار کہ کبیر پتی برت بِن کیوں ریجھے بھرتار

کبیر[۳] جو کوئی سندری بہان کرے وِبھچار

تاہی کب ہوں نہ آدرے پرم پُرش بھرتار (۳۷)

۷۔ بھگتی کی مہما

۱ کبیر گورو کی بھگتی کر۔ تج وِشیا رس چَوج بار بار نہیں پائیے مانش جنم کی موج

۲ بھگتی[۱] بیج بنسے نہیں آئی پڑے جو چول کنچن جو وِشٹا پڑے گھٹے نہ تا کو مول

۳ گورو بھگتی اتی کٹھن ہے جیوں کھانڈے کی دھار بنا ساچ پہنچے نہیں مہا کٹھن بیوہار !

۴ بھگتی[۲] دوہیلی گورو کی۔ نہیں کاتر کا کام سیس اُتارے ہاتھ سے سو لیسی ست نام

---

[۱] اگر اپنے ایک ہی پتی پرماتما کو جان لیا۔ تو گویا سب جگت کو جان لیا۔ اگر برمہ کو نہیں جانا۔ تو یہ سمجھو۔ کہ کچھ بھی نہیں جانا [۲] ہے پربھو ! میرے تو تم ایک ہی پتی ہو۔ تمہارے بنا دوسرا کوئی پتی نہیں ہے۔ جب تمہارے سوا کوئی ہے ہی نہیں۔ تب میں دوسرے پتی کا خیال ہی کیسے کر سکتی ہوں [۳] کبیر صاحب کہتے ہیں۔ کہ اگر کوئی حسینہ دانستہ بدمعاشی کرے۔ تو پرم پُرش پرماتما (پتی) اس کا کبھی آدر نہیں کرتا

---

[۱] کبیر صاحب کہتے ہیں۔ کہ وشے واسناؤں کی جوٹھ کو تیاگ کر گورو ارتھات بھگوان کی بھگتی کرو۔ کیونکہ یہ مانش جنم بار بار نہیں ملتا [۲] بھگتی کا بیج ایک دفعہ پڑ جانے پر کبھی ناش نہیں ہوتا۔ خواہ آدمی کسی ادنٰے یا اعلےٰ جونی میں جنم لیوے۔ جس طرح سونا اگر پاخانہ میں گر پڑے تو بھی اس کی قیمت نہیں گھٹ جاتی [۳] دوہیلی بمعنی مشکل۔ ارتھات بھگوان کی بھگتی بہت کٹھن ہے۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

۵ بھگتی دوہیلی نام کی۔ جس کھانڈے کی دھار — جو ڈولے سو کٹ پڑے نشچل اُترے پار
۶ بھگتی نسینی مکتی کی سنت چڑھے سب دھائے — جن جن من آلس کیا جنم جنم پچھتائے
۷ بھگتی بنا نہیں نسترے لاکھ کرے جو کوئے — شبد سنیہی ہو رہے گھر کو پہنچے سوئے
۸ بھگتی بھیس بہو انترا۔ جیسے دھرنی آکاس — بھگت لین گورو چرن ماہیں بھیس جگت کی آس
۹ جا نہہ بھگتی تہاں نہہ بھیس نہیں ورن آشرم تہاں نہہ ناہیں — نام بھگتی جو پریم سے سو دُرلبھ جگ ماہیں
۱۰ بھگتی پدارتھ تب ملے جب گورو ہوئے سہائے — پریم پریت کی بھگتی جو پورن بھاگ ملائے
۱۱ جب لگ ناطہ جگت کا تب لگ بھگتی نہ ہوئے — ناتا توڑ ہر کو بھجے بھگت کہاوے سوئے
۱۲ پریم بنا جو بھگتی ہے۔ سو نج ڈمبھ وچار — اُدر بھرن کے کارنے جنم گنوایو سار
۱۳ مہر گیا رَوی دیکھتے۔ کبدھی گئی گورو گیان — سوگتی گئی اک لوبھ تے بھگتی گئی ابھیمان
۱۴ کامی کرودھی لالچی ان تیں بھگتی نہ ہوئے — بھگتی کرے کوئی سُورما۔ جات ورن کل کھوئے
۱۵ بھگتی دوارا ساکرا رائی دسویں بھاو — من ایراوت ہوئے رہا کیسے ہوئے سماو
۱۶ نہکپٹی کو بھگتی ہے۔ نرموہی کو گیان — نر دوندوی کو مکتی ہے۔ نرلوبھی نروان
۱۷ جل جیوں پیارا ماچھری لوبھی پیارا دام — ماتا پیارا بالکا۔ بھگت پیارا نام
۱۸ جب لگ بھگتی سکام ہے تب لگ نشپھل سیو — کہ کبیر وہ کیوں ملیں نشکامی نج دیو
۱۹ جات ورن کل کھوئے کے بھگتی کرے چت لائے — کہ کبیر ست گورو ملیں آواگون نسائے

بھگتی گیند چوگان کی۔ بھاویں کوئی لے جائے
کہ کبیر کچھ بھید نہیں کہا رنک کہا رائے (۲۰)

۸۔ برہ کا انگ

۱ برہن دئی سندیسڑا سُنو ہمارے پیو — جل بن مچھلی کیوں جئے پانی میں کا جیو

۱ پربھو کے نام کی بھگتی تلوار کی دھار کی مانند ہے۔ اس میں نشچل بدھی والا آدمی ہی پار جا سکتا ہے۔ ۲ نسینی یعنی سیڑھی۔ ۳ بھگتی کے بنا کوئی بھو ساگر سے پار نہیں ہو سکتا۔ ۴ سچی بھگتی اور نقلی بھگتی میں بہت فرق ہے۔ سچا بھگت بھگوان کے چرنوں میں لین رہتا ہے۔ اور نقلی بھگت جگت کی آس رکھتا ہے۔ ۵ پریم کے بنا بھگتی محض ریاکاری ہے۔ اور پیٹ پوجا کی خاطر اپنے جنم کو برباد کرتا ہے۔ ۶ سورج کے درشن سے اندھیرا بھاگ گیا۔ گورو کے گیان سے کبدھی نشٹ ہو گئی۔ اور لوبھ کرنے سے سوگتی (اچھی گتی) اور ابھیمان کرنے سے بھگتی نشٹ ہو گئی۔ ۷ بھگتی کا دروازہ رائی کے دسویں حصے سے بھی زیادہ تنگ ہے۔ اور من ابھیمان سے ایراوت ہاتھی کی مانند ہو رہا ہے۔ اب یہ اس میں کیسے سماوے۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

برہ جلنتی دیکھ کر سائیں آئے دھائے	۲	پریم بوند اک چھڑک کے جلتی لئی بجھائے
انکھیاں تو چھائیں پڑی پنتھ نہار نہار	۳	جبھا تے چھالا پڑا نام پکار پکار
بہت دنن کی جو ہتی رٹتی تمہارو نام	۴	جو ترسے تو ملن کو من ناہیں بسرام
برہ بھجنگم تن ڈسا منتر نہ لاگے کوئے	۵	نام ویوگی نہ جیئے جیئے تو بورا ہوئے
کبیر سندری یوں کہے سنو کنت سجان	۶	ویگ ملو تم آئے کے نہیں تو تجوں پران
اس تن کا دیوا کروں باتی ڈالوں جیوا	۷	لہو سینچوں تیل جیوں کب مکھ دیکھوں پیو
کبیر ہنسنا دور کر رونے سے کر چیت	۸	بنا روئے کیوں پائیے پریم پیارا میت
ہنس ہنس کنت نہ پائیا جن پایا تن روئے	۹	ہنسی کھیلے پیو ملے تو کون سہاگن ہوئے

سُکھیا سب سنسار ہے کھاوے اور سووے (۱۰)
دُکھیا داس کبیر ہے جاگے اور رووے

نین ہمارے باورے چھن چھن لوڑیں تجھ	۱۱	نہ تم ملے نہ میں سکھی ایسی دیدنا مجھ
ہانس گیا پنجر رہا تاکن لاگے کاگ	۱۲	صاحب اجھوں نہ آئیا مند ہمارے بھاگ
پریت پربت میں پھروں نین گنوایو روئے	۱۳	سو بوٹی پایو نہیں جاتیں جیون ہوئے
برہ جلنتی میں پھروں مو برہی کو دکھ	۱۴	چھاؤں نہ بیٹھوں ڈرپتی مت جل اٹھے رکھ
چوڑی پٹکوں پلنگ سے چولی لاؤں آگ	۱۵	جا کارن یہ تن دھرا نہ سوتی گل لاگ
رکت مانس سب بھکھ گیا نیک نہ کینی کان	۱۶	اب بیرہا کوکر بھیا لاگا ہاڈ چبان
ہردے بھیتر اگن ہے دھواں نہ پرگٹ ہوئے	۱۷	جا کے لاگی سو لکھے کا جن لائی ہوئے
کبیر سپنے رین کے پڑا کلیجے چھیک	۱۸	جب سووں تب دو جنا جب جاگوں تب ایک
پیا بن جیا ترست رہے پل پل برہ ستائے	۱۹	رین دِوس موہیں کل نہیں سسک سسک جیا جائے
بھگت جن یہی نام کے تن کی گت ہے یہ	۲۰	دیہی سے اُدیم کریں سمرن کریں بدیہہ

۱ برہ روپی سانپ ۲ پاگل ۔ ۳ جلتی ۴ اس جسم کا چراغ بناؤں جس میں جیو روپی بتی ڈالوں اور لہو کا تیل بنا کر ایسے چراغ کو جلا کر اپنے پیا کا درشن کروں ۵ دیدنا یعنی دکھ ۔ تکلیف ۔ کشٹ

۶ مطلب یہ کہ برہ کے دکھ اگنی سے جلتی ہوئی میں درخت کی چھاؤں میں بھی نہیں بیٹھتی ۔ مبادا کہ اس برہ روپی آگ سے درخت نہ جل جاوے۔

۷ کھا گیا ۸ لحاظ ۔ مروت ۹ کتا بن کر ہاڈ (ہڈیاں) چبانے لگا۔

۱۰ سچے ہری بھگتوں کی یہ حالت ہوتی ہے ۔ کہ جسم سے تو کرم کرتے ہیں ۔ اور من سے نرنکار پربھو کا سمرن کرتے ہیں۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

۲۱ چوٹ ستاوے برہ کی سب تن جرجر ہوئے | مارن ہارا جان ہی کے جن لاگی ہوئے

۲۲ برہا برہا مت کہو برہا ہے سلطان | جا گھٹ برہ نہ سنچرے سو گھٹ جان مسان

۲۳ سو دن کیسا ہوئے گا گورو گہینگے بانہہ | اپنا کر بیٹھا رہیں چرن کنول کی چھانہہ

۲۴ موئے پیچھے مت ملو کہے کبیرا رام! | لوہا ماٹی مل گیا تب پارس کیہی کام

۲۵ یہ تن جار کے مس کروں لکھوں گورو کا ناؤں | کروں لیکھنی کرم کی لکھ لکھ گورو پٹھاؤں

۲۶ برہ بتھا ویراگ کی کہی نہ کا ہو جائے | گونگے سپنا دیکھیا۔ سمجھ سمجھ پچھتائے

۲۷ کبیر وید بلائیا پکڑ کے دیکھی بانہہ | وید نہ ویدن[۱] جان ہی کرک کریجے مانہہ

۲۸ جاہو وید گھر آپنے تیرا کیا نہ ہوئے | جن یا ویدن[۱] نرمئی بھلی کرے گا سوئے

جاہو میت گھر آپنے بات نہ پوچھے کوئے

جن یہ بھار لدائیا[۱] نربا ہے گا سوئے

۹- پریم کی مہما

یہ تو گھر ہے پریم کا خالہ کا گھر ناہیں | سیس اُتارے بھوئیں دھرے تب بیٹھے گھر ماہیں

۲ سیس اُتارے بھوئیں دھرے تا پر راکھے پائے | داس کبیرا یوں کہے ایسا ہوئے تو آئے

۳ پریم نہ باڑی اُپجے پریم نہ ہاٹ بکائے | راجا پرجا جیہی رُچے سیس دئی لے جائے

۴ پریم پیالہ جو پیئے سیس دچھنا دے | لوبھی سیس نہ دے سکے نام پریم کا لے

۵ جب میں تھا تب گورو نہیں اب گورو ہیں ہم ناہیں | پریم گلی اتی سانکری تا میں دو نہ سماہیں

۶ جا گھٹ پریم نہ سنچرے تا گھٹ جان مسان | جیسے کھال لوہار کی سانس لیت بن پران

داغ[۱] ۷ پریم بنا دھیرج نہیں برہ بنا ویراگ! | ست گورو بن جاوے نہیں من منسا کا داغ[۱]

۸ پریم تو ایسا چاہیئے جیسے چند چکور | گھینچ ٹوٹ بھوئیں ماں گرے چتوے واہی اور

۹ ادھک سنیہی ماچھری دوجا الپ سنیہہ | جب ہی جل تے بچھڑی تب ہی تیاگے دیہہ

۱۰ سنیوجن ساجن ملے مانو ہرے سنجھار | کپٹ سنیہی آ ملے جیسے سمندر پار!

۱۱ یہ تت وہ تت ایک ہے ایک پران دوئی گات | اپنے جیہ سے جانئے میرے جیئے کی بات

---

۱ سیاہی ۲ اکرسوں کی قسم باگر لکھوں ۳ درد دکھ تکلیف ۴ جس نے یہ برہ روپی بوجھ میرے اوپر ڈالا ہے۔ وہی اسے نباہے گا۔

۱ داغ یعنی گرد تتّ چکور کی گردن ٹوٹ کر خواہ زمین پر گر پڑے۔ تو بھی وہ چاند کی طرف ہی دیکھتا رہتا ہے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

۱۲ ہم تم کو سمرن کریں تم موہیں چتوو ناہیں — سمرن من کی پریت ہے سو من تم ہی ماہیں
۱۳ میرا من تو تجھ میں تیرا من کہوں اَور — کہ کبیر کیسے بنے ایک چت دو ٹھور

جیوں میرا من تجھ میں تیوں تیرا جو ہوئے
اہرن تاتا لوہ جیوں سندھی[1] لکھے نہ کوئے (۱۴)
[1] جوڑ

جیوں بھاگت تیوں سوپن میں جیوں گھٹ بھیتر سواس (۱۵) جو جن جا کو بھاونا۔ سو جن تا کے پاس

۱۶ سونا سجن[1] سادھو جن ٹوٹ جڑیں سو بار — دُرجن کُنبھ[1] کمہار کا ایکے دھکا پار
[1] گھڑا

۱۷ جہاں پریم تہاں نیم نہیں تہاں نہ بُدھی بیوہار — پریم مگن جب تن بھیا تب کون گنے تتھ وار
۱۸ پریم چھپایا نہ چھپے جا گھٹ پرگٹ ہوئے — جو مُکھ سے بولے نہیں تو نینن دیت ہیں روئے
۱۹ پریم بھاو اِک چاہیے بھیس انیک بنائے — بھاویں گھر میں واس کر بھاویں بن میں جائے
۲۰ جوگی جنگم سیوڑا سنیاسی درویش — بنا پریم پہنچے نہیں دُرلبھ ستگورو دیس
۲۱ پیا چاہے پریم رس راکھا چاہے مان — ایک میان میں دو کھڑگ دیکھا سُنا نہ کان
۲۲ پریمی ڈھونڈتا میں پھروں پریمی ملا نہ کوئے — پریمی سے پریمی ملے گورو بھگتی دِرڑھ ہوئے
۲۳ کبیر پیالا پریم کا انتر لیا لگائے — روم روم میں رم رہیا اور عمل کیا کھائے
۲۴ سبھی رسائن میں کیا پریم سمان نہ کوئے — رنچک تن میں سنچرے سب تن کنچن ہوئے
۲۵ جیسی پریت کٹمب سے تیسی ہری سے ہوئے — کہے کبیر تا داس کا پلہ نہ پکڑے کوئے
۲۶ نینوں کی کر کوٹھڑی پتلی پلنگ بچھائے — پلکوں کی چک ڈار کے پیا کو لیا رِجھائے
۲۷ جب لگ مرنے سے ڈرے تب لگ پریمی ناہیں — بڑی دُور ہے پریم گھر سمجھ لیو من ماہیں

پیا کا مارگ کٹھن ہے کھانڈا ہو جیسا
ناچن لگی با پھر گھونگھٹ کیسا؟ (۲۸)

ہری سے تو جن ہیت کر۔ کر ہری جن سوں ہیت
مال ملک ہری دیت ہیں ہری جن ہری ہی دیت (۲۹)

۳۰ جو ہے جا کی بھاونا جب تب ملی ہے آئے — تن من تا کو سونپیے جو کبھوں چھانڈ نہ جائے
۳۱ جل میں بسے کمودنی چندا بسے آکاس — جو ہے جا کی بھاونا سو تا ہی کے پاس

پریتم کو پتیاں لکھوں۔ جو کہوں ہوئے پردیس
تن میں من میں نین میں تا کو کہا سندیس (۳۲)

[1] سجن اور سادھو لوگ سونے کی مانند ہیں۔ کہ سو بار ٹوٹنے پر بھی جڑ جاتے ہیں۔ مگر دشٹ لوگ مٹی کے گھڑے کی مانند ہوتے ہیں۔ کہ جو ایک ہی دھکا لگنے سے ٹوٹ جاتے ہیں [1] بمعنی لغشہ وغیرہ

पुस्तकालय
गुरुकुल काँगड़ी.

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

۱۰۔ ست سنگ کی مہما

سنگت سے سکھ اُپجے۔ کوسنگت سے دکھ ہوئے ۱ کہے کبیر تہاں جائیے سادھو سنگ جہاں ہوئے

سنگت کیجے سنت کی۔ جن کا پُورا من ۲ اَن تو لے ہی دیت ہیں نام سریکھا دھن

کبیر سنگت سادھ کی ہرے اور کی ویادھ ۳ سنگت بُری اسادھ کی آٹھوں پہر اُپادھ

کبیر سنگت سادھ کی جیوں گندھی کی باس ۴ جو کچھ گندھی دے نہیں تو بھی باس سو باس

ردھی سدھی مانگوں نہیں مانگوں تم پہ یہ ۵ نسدن درشن سادھ کا کہہ کبیر موہی دیہہ

کبیر سنگت سادھ کی نت پرتی کیجے جائے ۶ دُرمتی دور بہاوسی۔ ویسی سُومت بتائے

کبیر سنگت سدھ کی نشپھل کبھی نہ ہوئے ۷ ہوسی چندن واسنا نیم نہ کہسی کوئے!

متھرا بھاویں دوارکا بھاویں جا جگن ناتھ ۸ سادھ سنگت ہری بھجن بن کچھو نہ آوے ہاتھ

رام بلاوا بھیجیا دیا کبیرا روئے!

جو سکھ سادھو سنگ میں سو بیکنٹھ نہ ہوئے (۹)

بندھے کو بندھا ملے چھوٹے کون اُپائے ۱۰ کر سنگت نربندھ کی پل میں لئے چھڑائے

جا پل درسن سادھ کا تا پل کی بلہار! ۱۱ ست نام رسنا بسے لیجے جنم سدھار

تے دن گئے اکارتھی سنگت بھئی نہ سنت ۱۲ پریم بنا پشو جیونا بھگتی بنا بھگونت!

کبیر لہر سمندر کی نشپھل کبھی نہ جائے ۱۳ بگلا پرکھ نہ جان ای ہنسا چگ چگ کھائے

جا گھر گورو بھگتی نہیں سنت نہیں مہمان ۱۴ تا گھر جم ڈیرہ کیا جیوت بھئے مسان!

کبیر تا سُوں سنگ کر جو ری بھجے ست نام ۱۵ راجہ رانا چھترپتی نام بنا بے کام

کبیر کھائی کوٹ کی پانی پئے نہ کوئے ۱۶ جائے ملے جب گنگ میں سب گنگودک ہوئے

ساکھی شبد بہت سُنا مٹا نہ من کا داگ ۱۷ سنگت سے سدھرا نہیں تا کا بڑا ابھاگ

ایک گھڑی آدھی گھڑی آدھی ہوں سے آدھ

کبیر سنگت سادھ کی ہرے کوٹ اپرادھ (۱۸)

۱۱۔ کُوسنگ کی نندا

جان بوجھ ساچی تجے کرے جھوٹ سے نیہہ ۱ تا کی سنگت ہے پربھو سپنے ہُو مت دیہہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

توہی پیر جو پریم کی. پا کا سیتی کھیل[1]	۲	کانچی سرسوں پیڑ کے کھلی بھیا نہ تیل
داغ جو لاگا نیل کا سو من صابن دھوئے	۳	کوٹ جتن پربودھئے کاگا ہنس نہ ہوئے
مورکھ کے سمجھاونے گیان گانٹھ کا جائے	۴	کوئلہ ہوئے نہ اُوجلا سو من صابن لائے
اُونچے کل کہا جنمیا[2] جو کرنی اونچ نہ ہوئے	۵	کنک کلس مدھئے بھرا سادھن نندا سوئے

۱۲- سوکھشم مارگ

اُت تیں کوئی نہ باہوڑا جاسے بوجھوں دھائے	۱	اِت تیں سبہی جات ہیں بھار لدائے لدائے
کون سُرت لے آوہی کون سُرت لے جائے	۲	کون سُرت ہے اِستھرے سو گورو دیہو بتائے
باس سُرت لے آوہی شبد سُرت لے جائے	۳	پرپیچے سُرت ہے اِستھرے سو گورو دیئی بتائے
آوے تو جائے نہیں جائے تو آوے ناہیں	۴	اکتھ کہانی پریم کی سمجھ لیہو من ماہیں!
نام نہ جانوں گاؤں کا بن جانے کت جاؤں	۵	چلتے چلتے جگ بھیا پاؤ کوس پر گاؤں
ست گورو دین دیال ہیں دیا کری موہیں آئے	۶	کوٹی جنم کا پنتھ تھا پل میں پہنچا جائے
چلن چلن سب کوئی کہے موہیں اندیشہ اور	۷	صاحب سے پرپیچے نہیں پہنچیگا کیہی ٹھور
کبیر مارگ کٹھن ہے سب منی بیٹھے تھاک	۸	تہاں کبیرا چڑھ گیا گہ ستگورو کی ساکھ
سُر نر تھاکے مُنی جنا۔ تھاکے دشنو مہیش	۹	تہاں کبیرا چڑھ گیا ست گورو کے اُپدیش

۱ اگر تجھے پریم کرنے کی چاہ ہے۔ تو کسی سنجیدہ کار (انوبھوی) کی سنگت کر۔ کچے آدمی سے پریم کرنا ایسا ہی ہے جیسے کچی سرسوں کا پیلنا۔ کہ جس سے نہ تو تیل ہی نکلتا ہے اور نہ کھلی ہی بنتی ہے

۲ مطلب یہ کہ عالی خاندان میں پیدا ہونے سے کیا فائدہ۔ جب کرم اچھے نہیں ہیں، جیسے سونے کے برتن میں اگر شراب بھرا ہو۔ تو بھی سادھو لوگ اس کی نندا کرتے ہیں۔

۱ اشیشیہ پوچھتا ہے کہ ہے گورودیو! کرپا کر یہ بتلائیے۔ کہ انسان کس وجہ سے ...... جنم لیتا ہے۔ ارتھات بندھن میں پڑتا ہے۔ اور کس وجہ سے بندھن سے چھوٹتا ہے۔ اور کس وجہ سے ستھر (شانت) ہوتا ہے گورو جواب دیتے ہیں۔ کہ واسنا سے انسان بندھن میں پڑتا ہے اور شبد ارتھات بھگوان نام جپ سے بندھن سے چھوٹتا ہے۔ اور پریچے ارتھات برہم کے گیان سے شانت ہوتا ہے ۲ واقفیت۔ مالک سے جان پہچان نہیں۔ کس طرح منزل پر پہنچ سکیگا ۳ برہم پراپتی کا مارگ بہت کٹھن ہے۔ بہت سے رشی منی اس راہ پر چل کر تھک گئے۔ رہ گئے مگر کبیر صاحب ست گورو کی کرپا سے منزل مقصود پر چڑھ گئے۔ ساکھ یعنی بھروسہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

باٹ[1] بچارا کیا کرے پنتھی نہ چلے سدھار	۱۰	راہ اپنی چھانڈ کے چلے اجاڑ اجاڑ
کانہہ تے تم جو آئیا۔ کون تمہارا ٹھام	۱۱	کون تمہاری جات ہے کون تمہارا نام؟
امر لوک تیں آئیا۔ سکھ کا ساگر ٹھام	۱۲	جات ہماری اجات ہے امر پرش کا نام

۱۴۔ چیتاونی

چوپائی[1]

کبیر گرب نہ کیجئے کال گہے کر کیس	۱	نہ جانوں کت ماری ہے کیا گھر کیا پردیس
آج کال کے بیچ میں جنگل ہوگا واس	۲	اوپر اوپر ہل پھریں ڈھور چریں گے گھاس
ہاڑ جرے جیون لاکڑی کیس جرے جیوں گھاس	۳	سب جگ جرتا دیکھ کر بھیا کبیر اداس
جھوٹے سکھ کو سکھ کہیں مانت ہیں من موَد	۴	جگت چبینا کال کا کچھ مکھ میں کچھ گود!
کشل کشل ہی پوچھتے جگ میں رہا نہ کوئے	۵	جرا موئی نہ بھئے موا کشل کہاں سے ہوئے
پانی کیرا بدبدا اس مانش کی جات!	۶	دیکھت ہی چھپ جائیگا جیوں تارا پربھات
رات گنوائی سوئے کر دوس گنوایا کھائے	۷	ہیرا جنم امول تھا کوڑی بدلے جائے
یا کھانا یا سوونا اور نہ کوئی چیت!	۸	ستگورو شبد بساریا آدانت کا میت
اہی اوسر چیتو نہیں پشو جیوں پالی دیہہ	۹	ست نام جانیو نہیں انت پڑے مکھ کھیہ
اچھے دن پاچھے گئے گورو سے کیو نہ ہیت	۱۰	اب پچھتاوا کیا کرے چڑیاں چگ گئیں کھیت
آج کہے میں کال بھجونگا کال کہے پھر کال	۱۱	آج کال کے کرت ہی اوسر جاسی چال
کال کرے سو آج کر سب سادھن ہیں ساتھ	۱۲	کال کال تو کیا کرے کال کال کے ہاتھ
کال کرے سو آج کر آج کرے سو اب	۱۳	پاو پلک کی سُدھ نہیں پھیر کرے گا کب؟
پاؤ پلک کی سُدھ نہیں کرے کال کا ساج	۱۴	کال اچانک مارسی جیوں تیتر کو باج!
کبیر نوبت آپنی دن دس لیہو بجائے	۱۵	یہ پور پٹن یہ گلی بہور نہ دیکھوں آئے
پانچوں نوبت باجتی ہوت چھتیسوں راگ	۱۶	سو مندر خالی پڑے بیٹھن لاگے کاگ
اوجڑ کھیڑے ٹھیکری گڑھ گڑھ گئے کمہار	۱۷	راون جیسا چل گیا لنکا کا سردار
کما چناوے مینڈھیا لمبی بھیت انسار	۱۸	گھر تو ساڑھے تین ہتھ گھنا تو پونے چار

ع۱ جب مسافر ہی سیدھی راہ نہ چلے۔ اور اصل راستہ چھوڑ کر الٹے راستے پہ چلے تو اس میں راستے کا کیا قصور؟ ایسے ہی انسان اگر دھرم مارگ سے گر جاوے۔ اور الٹے راستے پہ چلنے لگے۔ تو اس میں دھرم مارگ کا کیا قصور؟

ع۱۔ اس موقعہ پر خبردار نہیں ہوا۔ ع[illegible] لمبی لمبی دیواریں تیار کرا کر گھر بنوایا ہے۔ تیرا گھر آخر کار ساڑھے تین ہاتھ کا ہے۔ اور اگر بہت زیادہ ہوا تو پونے چار ہاتھ لے گا۔ اس سے زیادہ تو تو لے نہیں سکتا۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

پانچ تتو کا پوتلا مانش دھریا نام	۱۹	دنا چار کے کارنے پھر پھر روکے ٹھام
کبیر گرب نہ کیجیئے دیہی دیکھ سورنگ	۲۰	بچھڑے سپنے میلا نہیں جیوں کینچلی بھجنگ
کبیر گرب نہ کیجیئے۔ اس جوبن کی آس	۲۱	ٹیسو پھولا دوس دس کھنکھر بھیا پلاس
کبیر گرب نہ کیجیئے اونچا دیکھ اواس	۲۲	کال پڑے بھوئیں لیٹنا اوپر جمسی گھاس
